پھلا پھولا رہے یارب چمن میری امیدوں کا، جگر کا خون دے دے کر یہ بوٹے میں نے پالے ہیں
(سوہنا سائیں رحمۃ اللہ علیہ)

روحانی طلبہ جماعت

RTJ Quarterly Newsletter

روحانی طلبہ جماعت سہ ماہی خبر نامہ

RtjPak RTJ_Pak www.RtjPak.com rtjpakistan@gmail.com

شمارہ 4

پیر، 28 ستمبر 2026ء 15 ربیع الثانی 1448ھ

روحانی طلبہ جماعت پاکستان کا آن لائن ECAT ملک بھر سے طلبہ کی بھرپور شرکت

RTJ کے آن لائن ECAT میں طلبہ نے گھر بیٹھے اپنی تعلیمی صلاحیتیں جانچیں

نوجوانوں میں تعلیمی شعور اور انٹری ٹیسٹ کی تیاری کے فروغ کے لیے RTJ کا اہم اقدام

کنڈیارو: روحانی طلبہ جماعت RTJ پاکستان کے زیرِ اہتمام طلبہ کی تعلیمی صلاحیتوں اور ECAT کی تیاری جانچنے کے لیے آن لائن ECAT کا انعقاد کیا گیا، جس میں ملک کے مختلف شہروں اور علاقوں سے طلبہ نے بھرپور شرکت کی۔ آن لائن ٹیسٹ RTJ کی ویب سائٹ کے ذریعے منعقد کیا گیا، جس سے طلبہ کو گھر بیٹھے ٹیسٹ میں شرکت کا موقع ملا۔ اس سرگرمی کا مقصد طلبہ کو ECAT کے امتحانی ماحول سے روشناس کرانا، ان کی تیاری کا جائزہ لینا اور تعلیمی کمزوریوں و صلاحیتوں کی نشاندہی میں مدد فراہم کرنا تھا۔ روحانی طلبہ جماعت پاکستان نے آن لائن ECAT کو نوجوانوں میں تعلیمی شعور، خود تشخیصی اور انٹری ٹیسٹس کی تیاری کے فروغ کی جانب اہم قدم قرار دیتے ہوئے مستقبل میں بھی ایسے تعلیمی پروگرام جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ تمام شریک طلبہ کے روشن مستقبل اور کامیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا

پنجاب و خیبر پختونخوا کے وفد کا سندھ و بلوچستان کا تنظیمی دورہ، پرتپاک استقبال

وفد کی مختلف اضلاع میں ذمہ داران و کارکنان سے ملاقاتیں، تنظیمی امور پر مشاورت

سندھ و بلوچستان کے دورے سے تنظیمی رابطے، تعاون اور یکجہتی مزید مضبوط ہوگی: ترجمان

کنڈیارو: روحانی طلبہ جماعت پاکستان کے مرکزی پروگرام کے تحت پنجاب اور خیبر پختونخوا کے معزز وفد کا سندھ و بلوچستان کا تنظیمی دورہ کیا گیا، جس کے دوران مختلف صوبائی و ضلعی ذمہ داران اور کارکنان سے ملاقاتیں اور تنظیمی نشستیں منعقد ہوئیں۔ دورے کا مقصد تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ، باہمی رابطے کو مضبوط بنانا اور مستقبل کی سرگرمیوں کے لیے مشترکہ حکمتِ عملی پر مشاورت کرنا تھا۔ سندھ زون 1، سندھ زون 2 اور بلوچستان کے ذمہ داران کی جانب سے وفد کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ دورے کے دوران مختلف برانچز کا وزٹ کیا گیا اور نظم و ضبط، تنظیمی ذمہ داریوں اور آئندہ کے لائحۂ عمل پر تبادلۂ خیال ہوا۔ مختلف اضلاع میں استقبالی کیمپسز، اور دیگر سرگرمیوں کے ذریعے وفد کی آمد کو نمایاں کیا گیا۔ روحانی طلبہ جماعت پاکستان کی میڈیا ٹیم اور ضلعی پریس سیکرٹریز کی جانب سے وفد کے استقبال، ملاقاتوں اور مختلف سرگرمیوں کی بھرپور تصویری و ویڈیو کوریج کی گئی۔ مرکزی قیادت نے دورے کو مختلف صوبوں اور اضلاع کے درمیان رابطے، تعاون اور تنظیمی یکجہتی کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا

تقدیر بدلے گا طاہری

روحانی طلبہ جماعت پاکستان کی آفیشل ویب سائٹ جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ

روحانی طلبہ جماعت پاکستان کی ویب سائٹ مزید بہتر، مؤثر اور صارف دوست بنادی گئی

نئی ویب سائٹ کا وزٹ کریں، اپنی قیمتی آراء اور تجاویز سے آگاہ کریں



کنڈیارو (محمد سعید بلوچ طاہری) روحانی طلبہ جماعت پاکستان کی آفیشل ویب سائٹ جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ، روحانی طلبہ جماعت RTJ پاکستان کی آفیشل ویب سائٹ کو جدید تقاضوں اور موجودہ دور کی ضروریات کے مطابق اپ گریڈ کر دیا گیا ہے۔ ویب سائٹ کو مزید بہتر، مؤثر اور صارف دوست بنانے کے لیے مختلف شعبوں میں بہتری لائی گئی ہے۔ اپ گریڈ شدہ ویب سائٹ کے ذریعے RTJ پاکستان کی تنظیمی سرگرمیوں، تعلیمی پروگرامز، آن لائن سہولیات اور دیگر اہم معلومات تک رسائی مزید آسان بنائی گئی ہے، جس سے ملک بھر کے ذمہ داران، ممبران، طلبہ اور عام صارفین مستفید ہو سکیں گے۔ RTJ پاکستان نے تمام ذمہ داران، ممبران، طلبہ اور دوستوں سے نئی ویب سائٹ کا وزٹ کرنے اور اپنی قیمتی آراء، تجاویز اور Feedback سے آگاہ کرنے کی اپیل کی ہے۔ تنظیم کے مطابق موصول ہونے والی تجاویز کو ویب سائٹ کی مزید بہتری کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ روحانی طلبہ جماعت پاکستان نے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے اپنی تنظیمی، تعلیمی اور سماجی سرگرمیوں کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے مزید مؤثر انداز میں عوام تک پہنچانے کے عزم کا اظہار کیا ہے

پاکستان کی مرکزی قیادت کا سندھ زون 2 کی دوسری فزیکل میٹنگ میں خصوصی شرکت

سندھ زون 2 کے تحت 21 اضلاع تنظیمی طور پر فعال، شش ماہی کارکردگی رپورٹ پیش

تنظیمی استحکام، تربیتی سرگرمیوں اور نوجوانوں میں روحانی و اخلاقی شعور کے فروغ پر زور

حیدر آباد: روحانی طلبہ جماعت پاکستان کی مرکزی قیادت نے سندھ زون 2 کی دوسری فزیکل میٹنگ میں خصوصی شرکت کی۔ اجلاس مرکز عمر اسلام مسجد، حیدر آباد میں منعقد ہوا، جس کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک، نعتِ رسولِ مقبول ﷺ، منقبت، تصورِ شیخ اور شجرۂ عالیہ سے کیا گیا۔ اجلاس میں مرکزی سیکریٹری جنرل محمد عثمان طاہری، مرکزی پریس سیکریٹری محمد سعید بلوچ طاہری، مرکزی فنانس سیکریٹری امداد علی خشک طاہری، مرکزی آفس سیکریٹری خلیفہ سائیں راؤ محمد فرحان طاہری، مرکزی نائب صدر برکت علی طاہری سمیت دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ صوبائی قیادت کی جانب سے شش ماہی تنظیمی کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی، جس کے مطابق سندھ زون 2 کے تحت 21 اضلاع تنظیمی طور پر فعال ہیں۔ مرکزی قیادت نے رپورٹ کا جائزہ لیتے ہوئے تنظیمی استحکام، دعوتی و تربیتی سرگرمیوں اور نوجوانوں میں روحانی و اخلاقی شعور کے فروغ کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی۔ اجلاس میں ذمہ داران کو اخلاص، نظم و ضبط، باہمی رابطے اور تنظیمی ذمہ داریوں کی مؤثر ادائیگی کی تلقین کرتے ہوئے تنظیمی کام کو مزید منظم اور وسیع کرنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس خوشگوار اور روحانی ماحول میں اختتام پذیر ہوا

مرکزی معاون کی ہمشیرہ اور خلیفہ رفاقت علی آسی طاہری کی صاحبزادی کا انتقال

روحانی طلبہ جماعت پاکستان کا مرحومہ کی انتقال پر اظہار تعزیت

مرحومہ کے لیے مغفرت، بلندیِ درجات اور لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی گئی

پاکستان: روحانی طلبہ جماعت پاکستان کی مرکزی قیادت، صوبائی و ضلعی ذمہ داران اور کارکنان نے مرکزی معاون کی ہمشیرہ اور خلیفہ رفاقت علی آسی طاہری صاحب کی صاحبزادی کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جماعت کی جانب سے مرحومہ کے اہلِ خانہ اور تمام لواحقین سے دلی تعزیت کرتے ہوئے صبرِ جمیل اور استقامت کی دعا کی گئی۔ ذمہ داران نے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں پوری جماعت سوگوار خاندان کے دکھ میں شریک ہے۔ روحانی طلبہ جماعت پاکستان نے مرحومہ کے لیے مغفرت، بلندیِ درجات اور رحمتِ الٰہی کی دعا کرتے ہوئے پسماندگان کے لیے صبر و حوصلے کی دعا کی

روحانی طلبہ جماعت پاکستان کے مرکزی عہدیداران کی سندھ زون 1 صوبائی باڈی سے اہم فزیکل میٹنگ

سندھ زون 1 کی گزشتہ چھ ماہ کی تنظیمی کارکردگی کا جائزہ، آئندہ اہداف پر مشاورت

طلبہ و نوجوانوں تک روحانی طلبہ جماعت کا پیغام مزید مؤثر انداز میں پہنچانے کے عزم کا اعادہ

کنڈیارو، روحانی طلبہ جماعت پاکستان کے مرکزی عہدیداران کی سندھ زون 1 کی صوبائی باڈی کے ساتھ اہم فزیکل میٹنگ المکہ ریسٹورنٹ، کنڈیارو میں منعقد ہزون اجلاس میں مرکزی سینئر نائب صدر ایڈووکیٹ شکیل راہو جو طاہری، مرکزی معاون ڈاکٹر نعمت اللہ طاہری اور مرکزی معاون فہیم اختر طاہری نے شرکت کی، جبکہ سندھ زون 1 کی صوبائی قیادت اور ذمہ داران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں گزشتہ چھ ماہ کی تنظیمی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا، مختلف شعبہ جات کی رپورٹس پیش کی گئیں اور تنظیمی امور، مؤثر رابطہ کاری، طلبہ کی فلاح و تربیت اور آئندہ کے اہداف پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ مرکزی عہدیداران نے سندھ زون 1 کی تنظیمی کاوشوں کو سراہتے ہوئے نظام کو مزید مضبوط اور فعال بنانے کے لیے رہنمائی فراہم کی۔ اجلاس میں طلبہ و نوجوانوں تک جماعت کا پیغام مؤثر انداز میں پہنچانے اور تنظیمی سرگرمیوں کو مزید منظم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، ملاقات خوشگوار ماحول میں باہمی مشاورت اور تنظیمی عزم کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی

روحانی طلبہ جماعت پاکستان کی مرکزی قیادت کی پنجاب صوبائی باڈی سے اہم تنظیمی میٹنگ

پنجاب کی گزشتہ چھ ماہ کی تنظیمی کارکردگی کا جائزہ، آئندہ اہداف پر مشاورت

تنظیمی نظام کو مزید فعال، منظم اور مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھنے کا عزم

فیصل آباد: روحانی طلبہ جماعت پاکستان کی مرکزی قیادت اور پنجاب کی صوبائی باڈی کے درمیان اہم تنظیمی میٹنگ مرکز الطاہر مسجد سبحان اللہ، غلام محمد آباد، فیصل آباد میں منعقد ہوئی۔ اجلاس میں مرکزی آڈیٹر ہمایوں علی طاہری، جوائنٹ سیکریٹری عبدالباسط طاہری، مرکزی معاون سید محی الدین طاہری اور مرکزی معاون عثمان عمر طاہری سمیت پنجاب کی صوبائی قیادت نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ چھ ماہ کی تنظیمی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا، مختلف شعبہ جات کی رپورٹس پیش کی گئیں اور تنظیمی امور، مؤثر رابطہ کاری، تنظیمی استحکام اور آئندہ اہداف پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ مرکزی قیادت نے پنجاب کی صوبائی باڈی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے تنظیمی نظام کو مزید فعال، منظم اور مؤثر بنانے کے لیے رہنمائی فراہم کی۔ اجلاس میں جماعتی سرگرمیوں کو مزید بہتر بنانے اور آئندہ اہداف کے حصول کے لیے بھرپور اقدامات جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا ملاقات باہمی مشاورت اور تنظیمی عزم کے ساتھ خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی

Visit RTJ Official Website

روحانی طلبہ جماعت سندھ زون 1

دربار اللہ آباد شریف میں روحانی طلبہ جماعت سندھ زون 1 کی ماہانہ میٹنگ

اجلاس میں پنجاب وفد کی سندھ آمد اور ممبر شپ مہم کے حوالے سے اہم مشاورت

روحانی طلبہ جماعت کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید فعال اور منظم بنانے کے عزم کا اظہار

کنڈیارو (محمود احمد راہو جوطاہری) روحانی طلبہ جماعت صوبہ سندھ زون 1 کی صوبائی باڈی کی ماہانہ فزیکل میٹنگ 10 مئی 2026 کو دربار اللہ آباد شریف، کنڈیارو میں منعقد ہوئی، جس کی صدارت صوبائی صدر جابر حسین لنڈ طاہری نے کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جبکہ نعت و منقبت بھی پیش کی گئی۔ اجلاس میں پنجاب وفد کی سندھ آمد، تنظیمی امور، ممبر شپ مہم اور تنظیمی ویب سائٹ پر ممبر شپ فارم کی تکمیل سمیت آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ شرکاء نے تنظیمی سرگرمیوں کو مزید فعال اور منظم بنانے کے عزم کا اظہار کیا

روحانی طلبہ جماعت جیکب آباد کی جانب سے فیملی لائن میں صفائی مہم کا آغاز

مسجد نبوی غفاری، طاہری اسٹریٹ اور ایئرپورٹ روڈ سمیت مختلف علاقوں میں صفائی کی گئی

ضلعی پریس سیکریٹری عمران علی کیسر طاہری سمیت جماعت کے عہدیداران اور کارکنان کی صفائی مہم میں شرکت

جیکب آباد (عمران علی کیسر طاہری) روحانی طلبہ جماعت کی جانب سے فیملی لائن میں صفائی مہم، روحانی طلبہ جماعت ضلع جیکب آباد برانچ فیملی لائن کی جانب سے مختلف گلیوں اور علاقوں میں صفائی مہم کا آغاز کیا گیا۔ صفائی مہم میں مسجد نبوی غفاری، طاہری اسٹریٹ، ایئرپورٹ روڈ اور برانچ کے دوستوں نے بھرپور حصہ لیا۔ اس موقع پر ضلعی پریس سیکریٹری عمران علی کیسر طاہری، برانچ فیملی لائن صدر فقیر حفیظ اللہ کیسر طاہری اور فقیر اسد اللہ کیسر طاہری سمیت دیگر ساتھی موجود تھے۔ شرکاء نے صفائی کو صحت مند اور صاف معاشرے کے لیے ضروری قرار دیا

روحانی طلبہ جماعت اور جماعت اصلاح المسلمین کا کشمور/کندھ کوٹ میں سبیل کیمپ

سبیل کیمپ میں زائرین، شہریوں اور مسافروں کے لیے ٹھنڈے پانی کی فراہمی

مریضوں کو مفت ادویات اور طبّی رہنمائی فراہم، صحت وصفائی سے متعلق آگاہی دی گئی

کشمور/کندھ کوٹ: محرم الحرام کے مقدس ایام کے موقع پر روحانی طلبہ جماعت اور جماعت اصلاح المسلمین، ضلع کشمور/کندھ کوٹ کی جانب سے خدمتِ خلق کے جذبے کے تحت سبیل کیمپ قائم کیا گیا۔ سبیل کیمپ میں مجالس کے شرکاء، زائرین، شہریوں اور مسافروں کو ٹھنڈا پانی اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کی گئیں۔ جماعت کے عہدیداران اور رضاکاروں نے نظم وضبط اور خلوص کے ساتھ اپنی خدمات انجام دیں۔ ذمہ داران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی خدمت، اخلاقی تربیت اور سماجی فلاح کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا

روحانی طلبہ جماعت قمبر شہداد کوٹ درگاہ فقیر پور شریف راد ھن میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

120 افراد کا مفت طبّی معائنہ، ملیریا، بلڈ پریشر اور شوگر کے ٹیسٹ کیے گئے

مریضوں کو مفت ادویات اور طبّی رہنمائی فراہم، صحت وصفائی سے متعلق آگاہی دی گئی

قمبر شہداد کوٹ (حبیب الرحمٰن طاہری) درگاہ فقیر پور شریف راھدن میں جماعت اصلاح المسلمین اور روحانی طلبہ جماعت ضلع قمبر شہداد کوٹ کے زیرِ اہتمام 10 محرم الحرام کے موقع پر فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ میں 120 مرد، خواتین اور بچوں کا مفت طبّی معائنہ کیا گیا، جبکہ ملیریا، بلڈ پریشر اور بلڈ شوگر کے ٹیسٹ بھی کیے گئے۔ ضرورت مند مریضوں کو مفت ادویات، ابتدائی طبّی امداد اور صحت سے متعلق رہنمائی فراہم کی گئی۔ ڈاکٹر گلزار احمد شبرانی نے صحت، صفائی اور متوازن طرزِ زندگی کے حوالے سے آگاہی دی۔ روحانی طلبہ جماعت نے خدمتِ خلق کے ایسے فلاحی اقدامات آئندہ بھی جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا

روحانی طلبہ جماعت خیرپور میرس زون 1 کے زیرِ اہتمام شجرکاری مہم کا انعقاد

مختلف مقامات پر پودے لگائے گئے، ماحولیاتی تحفظ اور سرسبز ماحول کی اہمیت پر آگاہی

عوام سے زیادہ سے زیادہ درخت لگانے اور ان کی حفاظت کرنے کی اپیل

خیرپور میرس (نصیر احمد جمالی طاہری) روحانی طلبہ جماعت ضلع خیرپور میرس زون 1 کے زیرِ اہتمام حضور قبلہ عالم حضرت خواجہ محبوب سجن سائیں مدظلہ العالی کی ہدایات اور ماحول دوست فکر کے تحت شجرکاری مہم کا انعقاد کیا گیا۔ مہم کے دوران مختلف مقامات پر پودے لگائے گئے، جبکہ شرکاء کو درختوں کی اہمیت، ماحولیاتی تحفظ اور سرسبز ماحول کے فروغ کے حوالے سے آگاہی دی گئی۔ اس موقع پر عزم ظاہر کیا گیا کہ شجرکاری کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور عوام سے اپیل کی گئی کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر ان کی حفاظت کو سماجی ذمہ داری سمجھیں۔

روحانی طلبہ جماعت نوشہرو فیروز کے زیرِ اہتمام ذہنی صحت سے آگاہی کے لیے سیمینار

ماہر مقررین کی ذہنی دباؤ سے نمٹنے اور مثبت طرزِ زندگی اپنانے پر شرکاء کو رہنمائی

نوجوانوں میں ذہنی صحت کا شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی مہمات جاری رکھنے کا عزم

نوشہرو فیروز (ثناءاللہ عباسی) روحانی طلبہ جماعت ضلع باڈی ٹھارو شاہ نے یوتھ ایمپاورمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے اشتراک سے ڈسٹرکٹ بار کی جی ایم عباسی لائبریری ہال میں مینٹل ہیلتھ اویئرنیس سیشن کا انعقاد کیا، جس میں طلبہ، نوجوانوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ ماہر مقررین نے ذہنی صحت کی اہمیت، ذہنی دباؤ سے نمٹنے اور مثبت طرزِ زندگی اپنانے کے حوالے سے شرکاء کو آگاہی اور عملی رہنمائی فراہم کی۔ جماعت اصلاح المسلمین، روحانی طلبہ جماعت اور سماجی شخصیات نے بھی شرکت کی تقریب کے اختتام پر اجتماعی دعا کی گئی، جبکہ منتظمین نے نوجوانوں کی ذہنی، اخلاقی اور سماجی تربیت کے لیے آگاہی سرگرمیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا

روحانی طلبہ جماعت سندھ زون 2

روحانی طلبہ جماعت ٹنڈو الہیار کی سہ ماہی کارکردگی رپورٹ جاری

روحانی طلبہ جماعت، جماعت اصلاح المسلمین کا شجرکاری اور سالانہ میڈیکل کیمپ کا انعقاد

گرمی کے دوران مختلف مقامات پر 8 سبیلیں، شجرکاری اور فلاحی سرگرمیاں جاری

ٹنڈو الہیار: روحانی طلبہ جماعت ضلع ٹنڈو الہیار کی جانب سے اپریل، مئی اور جون 2026 کی سہ ماہی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق تین ماہ کے دوران ضلعی باڈی کے متعدد اجلاس، برانچز کے تنظیمی دورے اور مختلف دینی، سماجی و فلاحی سرگرمیاں انجام دی گئیں۔ اپریل میں ضلعی باڈی کی 2 میٹنگز اور برانچز کے 18 دورے کیے گئے، جبکہ روحانی طلبہ جماعت اور جماعت اصلاح المسلمین کے اشتراک سے شجرکاری اور سالانہ میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ صوبائی باڈی کے دورے کے موقع پر تنظیمی پروگرام بھی منعقد ہوا۔ مئی میں ضلعی باڈی کی 2 میٹنگز اور برانچز کے 5 دورے کیے گئے۔ مختلف برانچز میں ہفتہ وار و ماہانہ پروگرامز، شجرکاری مہم، ممبر شپ، تربیتی سرگرمیاں اور کھیلوں کا انعقاد کیا گیا۔ گرمی کے دوران مختلف مقامات پر 8 سبیلیں لگائی گئیں جبکہ پرندوں کے لیے پانی کا انتظام بھی کیا گیا۔ جون میں ضلعی باڈی کی 2 میٹنگز، برانچز کے 2 دورے اور مختلف تنظیمی و ماہانہ پروگرامز منعقد ہوئے۔ محرم الحرام کے موقع پر ضلعی باڈی اور برانچز کے ذمہ داران نے درگاہ اللہ آباد شریف میں حاضری دے کر خدمات بھی انجام دیں۔

روحانی طلبہ جماعت ضلع وسطی کراچی کی سہ ماہی رپورٹ جاری، مختلف تنظیمی و فلاحی سرگرمیاں انجام

شجرکاری مہم کے دوران 10 پودے لگائے گئے، برانچز میں تنظیمی پروگرامز کا انعقاد

شدید گرمی میں عوام کو ریلیف، روحانی طلبہ جماعت کی جانب سے مختلف مقامات پر شربت کی سبیلیں

وسطی کراچی (سراج الدین طاہری) روحانی طلبہ جماعت ضلع وسطی کراچی نے اپریل تا جون 2026 کے دوران مختلف تنظیمی، دعوتی، تربیتی اور فلاحی سرگرمیاں انجام دیں۔ اپریل میں ضلعی باڈی کا اجلاس منعقد ہوا، برانچ کھنڈو گوٹھ کے تعاون سے شجرکاری مہم کے دوران 10 پودے لگائے گئے، جبکہ برانچز کے 2 تنظیمی دورے کیے گئے۔ جماعت اصلاح المسلمین کے ساتھ مشترکہ طور پر 19 اپریل کو حضور قبلہ عالم محبوب سجن سائیں کے یوم ولادت کا پروگرام بھی منعقد کیا گیا۔ اس دوران برانچز میں 12 ہفتہ وار اور ایک ماہوار پروگرام منعقد ہوئے۔ مئی میں ضلعی باڈی کا اجلاس، برانچز کے 4 دورے اور 12 ہفتہ وار و ایک ماہوار پروگرام منعقد کیے گئے۔ ضلعی باڈی اور برانچز کے دوستوں نے ممبر شپ فارم بھی مکمل کیے۔ 10 مئی کو موسیٰ گوٹھ عثمانیہ مسجد میں صوبائی وزٹ کا پر وگرام منعقد ہوا، جس کی میزبانی کا شرف ضلع وسطی کو حاصل ہوا۔ جون میں بھی ضلعی اجلاس، برانچز کے 2 دورے اور 12 ہفتہ وار و ایک ماہوار پروگرام منعقد ہوئے۔ شدید گرمی کے دوران عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے مختلف مقامات پر 3 مرتبہ شربت کی سبیل لگائی گئی، جبکہ جماعت اصلاح المسلمین برانچ کھنڈو گوٹھ کے ساتھ مشترکہ طور پر بھی شربت پلانے کا اہتمام کیا گیا۔ روحانی طلبہ جماعت ضلع وسطی کراچی کے مطابق سہ ماہی کے دوران تنظیمی سرگرمیوں کے ساتھ شجرکاری، ممبر شپ اور عوامی خدمت کے مختلف اقدامات جاری رہے

روحانی طلبہ جماعت شہید بینظیر آباد کی تین ماہ میں تنظیمی و فلاحی سرگرمیاں جاری

ضلع بھر میں شجرکاری، ٹھنڈے پانی کی سبیلیں اور خدمتِ خلق کے اقدامات

محرم الحرام میں امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کی یاد میں 12 دینی و روحانی پروگرامز

شہید بینظیر آباد (علی گل طاہری) روحانی طلبہ جماعت ضلع شہید بینظیر آباد کی جانب سے اپریل، مئی اور جون 2026 کے دوران تنظیمی، دینی، فلاحی اور خدمتِ خلق کی سرگرمیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں اپریل میں ضلعی عہدیداران کی آن لائن تنظیمی میٹنگ منعقد کی گئی، جبکہ 19 اپریل کو جامعہ مسجد جعفر صادق طاہری قاضی احمد میں صوبائی وزٹ ہوا، جس میں صوبائی ذمہ داران نے شرکت کی اور ضلع کی چار برانچز نے اپنی سہ ماہی کارکردگی رپورٹس پیش کیں۔ مئی میں شجرکاری اور خدمتِ خلق پر خصوصی توجہ دی گئی۔ ضلع بھر میں پودے لگانے کے ساتھ پرندوں اور جانوروں کے لیے پانی کا انتظام کیا گیا۔ 15 مئی کو قائد عوام یونیورسٹی نواب شاہ برانچ اور ضلعی انفارمیشن سیکریٹری کی کاوش سے طلبہ و شہریوں کے لیے ٹھنڈے پانی کی سبیل بھی قائم کی گئی۔ جون، محرم الحرام کے دوران ضلع کی مختلف برانچز اور مساجد میں حضرت امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کی یاد میں تقریباً 12 دینی و روحانی پروگرامز منعقد کیے گئے، جن میں فلسفۂ کربلا، صبر، قربانی اور اتحاد امت کے پیغام کو اجاگر کیا گیا۔ شدید گرمی کے پیشِ نظر مختلف مقامات پر سبیلوں کا اہتمام بھی جاری رہا۔ روحانی طلبہ جماعت ضلع شہید بینظیر آباد کی جانب سے تنظیمی استحکام، دینی شعور اور خدمتِ انسانیت کے لیے سرگرمیوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا

روحانی طلبہ جماعت ٹھٹھہ کی تین ماہ میں تنظیمی و فلاحی سرگرمیاں جاری

شجرکاری، عید ملن، مشترکہ میٹنگز اور فری میڈیکل کیمپ کی منصوبہ بندی

محرم میں تین برانچز پر سبیلیں، میڈیا پر 124 کے قریب رپورٹس جاری

ٹھٹہ (غلام حیدر طاہری) روحانی طلبہ جماعت پاکستان ضلع ٹھٹہ زون 1 کی جانب سے اپریل تا جون 2026 کے دوران تنظیمی، تعلیمی، سماجی اور فلاحی سرگرمیاں جاری رہیں۔ اپریل میں سالانہ کیلنڈر کے مطابق شجرکاری مہم مکمل کی گئی، جبکہ تنظیمی امور، برانچز سے رابطوں، فیس وصولی اور سالانہ پروگرامز پر دو اہم میٹنگز منعقد ہوئیں۔ مئی میں تین ضلعی میٹنگز اور برانچ نور محمد بروہی کا تنظیمی دورہ کیا گیا۔ سالانہ کیلنڈر کے تحت عید ملن پارٹی کا انعقاد بھی کیا گیا، جس میں ضلعی و صوبائی ذمہ داران اور تعلیم سے وابستہ دوستوں نے شرکت کی۔ جون میں جماعت اصلاح المسلمین ٹھٹہ کے ساتھ دو مشترکہ میٹنگز، فری میڈیکل کیمپ کی منصوبہ بندی اور تبلیغی وفد میں مشترکہ شرکت کی گئی۔ محرم الحرام کے موقع پر تین برانچز میں شہدائے کربلا کے ایصالِ ثواب کے لیے ٹھنڈے پانی اور شربت کی سبیلیں بھی قائم کی گئیں۔ ضلعی رپورٹ کے مطابق تنظیم کے 80 ممبران، 15 ہنر مند ممبران اور 15 انجمنِ نونہال ممبران ہیں، جبکہ سہ ماہی دوران الیکٹرانک، پرنٹ، سوشل میڈیا اور ایف ایم ریڈیو کے ذریعے تقریباً 124 میڈیا رپورٹس بھی شائع و نشر ہوئیں

روحانی طلبہ جماعت سندھ زون 2 کے صوبائی مانیٹرز کے تمام اضلاع کے تنظیمی دورے مکمل

حیدر آباد اجلاس میں گزشتہ چھ ماہ کی کارکردگی رپورٹ پیش، آئندہ چھ ماہ کا تنظیمی کیلنڈر مرتب

پنجاب وفد کے دورے کی تیاریوں کے حوالے سے سندھ زون 2 کے ضلعی ذمہ داران کا اہم آن لائن اجلاس

حیدر آباد: روحانی طلبہ جماعت صوبہ سندھ زون 2 کی جانب سے اپریل تا جون 2026 کے دوران مختلف تنظیمی سرگرمیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں۔ اپریل میں صوبائی مانیٹرز نے مقررہ شیڈول کے مطابق سندھ زون 2 کے تمام اضلاع کے تنظیمی دورے مکمل کیے، ضلعی ذمہ داران سے ملاقاتیں کیں اور تنظیمی امور کا جائزہ لیتے ہوئے آئندہ کے اہداف کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی۔ مئی میں حیدر آباد میں مرکزی باڈی کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں گزشتہ چھ ماہ کی صوبائی کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی۔ بعد ازاں مرکز عمر اسلام مسجد حیدر آباد میں صوبائی باڈی کے اجلاس میں آئندہ چھ ماہ کا تنظیمی کیلنڈر مرتب کیا گیا اور مختلف ذمہ داریوں سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔ جون میں پنجاب وفد کے دورے کے سلسلے میں متعلقہ اضلاع کے ذمہ داران کا آن لائن اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں دورے کے انتظامات، پروگرام کی تیاری اور دیگر تنظیمی امور کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کی گئیں

روحانی طلبہ جماعت مٹیاری کی سہ ماہی رپورٹ جاری، دعوتی و تنظیمی سرگرمیاں جاری رکھنے کا عزم

مختلف برانچز کے دورے، تنظیمی اجلاس اور تربیتی نشستیں منعقد، نئی برانچ سینٹرل مٹیاری کا انتخاب

روحانی طلبہ جماعت کے زیرِ اہتمام کراچی ٹوئر، برانچز اور طلباء سمیت تقریباً 75 افراد کی شرکت

مٹیاری: روحانی طلبہ جماعت ضلع مٹیاری سندھ زون 2 کی جانب سے اپریل، مئی اور جون 2026 کے دوران دعوتی، تربیتی اور تنظیمی سرگرمیوں کا سلسلہ بھرپور انداز میں جاری رہا۔ اس دوران مختلف برانچز کے دورے، ہفتہ وار اجتماعات، تنظیمی اجلاس، نوجوانوں سے ملاقاتیں اور دینی و اخلاقی تربیتی نشستیں منعقد کی گئیں۔ اپریل میں ضلع کی مختلف برانچز لوہار مسجد، علی محمد بھیچ، نورانی مسجد بھٹ شاہ، قاسم بگھیو اور شفیع ڈاہری کے تنظیمی و دعوتی دورے کیے گئے، جبکہ 19 اپریل کو صوبائی قیادت کی زیرِ نگرانی ضلع مٹیاری کا خصوصی تنظیمی و تربیتی پروگرام منعقد ہوا، جس میں 11 میں سے 7 برانچز نے شرکت کی۔ پروگرام میں برانچز کی کارکردگی رپورٹس پیش کی گئیں اور تنظیمی و تربیتی رہنمائی فراہم کی گئی۔ 19 اپریل کو ضلع عہدیداران نے حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے مزار پر حاضری اور فاتحہ خوانی بھی کی، جبکہ بعد ازاں ضلع عہدیداران کا اجلاس منعقد کر کے آئندہ تنظیمی سرگرمیوں اور سالانہ کیلنڈر کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ مئی میں بھی تنظیمی اجلاس اور مشاورتی نشستوں کا سلسلہ جاری رہا۔ جون میں مرکز مٹیاری کی نئی برانچ کا انتخاب عمل میں لایا گیا، مختلف برانچز کے دورے کیے گئے اور ساتھیوں کو تنظیمی سرگرمیوں اور آئندہ پروگراموں کے حوالے سے رہنمائی دی گئی۔ 13 جون کو ضلع مٹیاری کی برانچز اور طلباء کے لیے ایک روزہ مطالعاتی و تفریحی ٹوئر کا بھی اہتمام کیا گیا، جس میں تقریباً 75 افراد نے شرکت کی اور کراچی کے مختلف مقامات، بشمول واٹر پارک اور سی ویو، کا دورہ کیا۔ سہ ماہی کے دوران تنظیمی رابطوں، دعوتی سرگرمیوں، تربیتی نشستوں، برانچ وزٹس اور باہمی مشاورت کے ذریعے تنظیمی نظم وضبط اور کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی کوشش کی گئی۔ روحانی طلبہ جماعت ضلع مٹیاری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی دینی، دعوتی، تربیتی اور فلاحی سرگرمیوں کو مزید مؤثر انداز میں جاری رکھا جائے گا

روحانی طلبہ جماعت ضلع غربی کی سہ ماہی رپورٹ جاری، مختلف تنظیمی و تربیتی سرگرمیاں منعقد

فزیکل میٹنگ، اردو اسپیلنگ اور اسلامی کوئز مقابلوں کا انعقاد

کیریئر کونسلنگ پروگرام میں طلبہ کو تعلیمی و پیشہ ورانہ رہنمائی، ممبر شپ مہم پر بھی لیکچر

غربی کراچی: روحانی طلبہ جماعت ضلع غربی کراچی کی جانب سے اپریل، مئی اور جون 2026 کے دوران مختلف دعوتی، تنظیمی، تعلیمی اور تربیتی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رہا۔ اپریل میں مختلف برانچز کے تنظیمی دورے کیے گئے، ذمہ داران اور دوستوں سے ملاقاتیں کر کے تنظیمی امور کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ کی منصوبہ بندی پر مشاورت کی گئی۔ ماہ کے آخر میں اردو اسپیلنگ کمپیٹیشن بھی منعقد کیا گیا، جس میں مختلف برانچز کے دوستوں نے بھرپور شرکت کی۔ مئی میں اقبال نیاری میں ضلعی فزیکل میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلعی عہدیداران اور برانچز کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں تنظیمی استحکام، ممبر شپ اور آئندہ پروگرامز کے حوالے سے مشاورت کی گئی، جبکہ مختلف برانچز کے درمیان اسلامی کوئز مقابلہ بھی منعقد کیا گیا۔ جون میں کیریئر کونسلنگ پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ کو تعلیمی و پیشہ ورانہ رہنمائی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر ممبر شپ مہم کے حوالے سے بھی خصوصی لیکچر دیا گیا اور تنظیمی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا گیا۔ روحانی طلبہ جماعت ضلع غربی کراچی کے مطابق سہ ماہی کے دوران تنظیمی رابطوں، تعلیمی سرگرمیوں، تربیتی پروگرامز اور ممبر شپ کے فروغ پر خصوصی توجہ دی گئی، جبکہ آئندہ بھی نوجوانوں کی رہنمائی اور تنظیمی استحکام کے لیے سرگرمیاں جاری رکھنے کا عزم کیا گیا

روحانی طلبہ جماعت سجاول کی تین ماہ میں تنظیمی و فلاحی سرگرمیاں جاری

صفائی و شجرکاری مہم، محافل اور ختمِ خواجگان کا انعقاد

نشے سے بچاؤ اور کمپیوٹر تعلیم کے فروغ کے لیے خصوصی اقدامات

سجاول (محمد نعمان طاہری) روحانی طلبہ جماعت ضلع سجاول کی جانب سے اپریل، مئی اور جون 2026 کے دوران تنظیمی، دینی، تعلیمی، سماجی اور فلاحی سرگرمیاں جاری رہیں۔ اپریل میں ضلعی تنظیمی اجلاس، برانچز کے سہ ماہی وزٹس، ہفتہ وار محافل اور ختمِ خواجگان کا انعقاد کیا گیا۔ انجمن نونہال کے تحت صفائی مہم اور اسکولز کے تنظیمی و تعلیمی دورے بھی کیے گئے، جبکہ برانچ چاکر چانڈیو میں روزانہ مراقبے کا سلسلہ جاری رہا۔ مئی میں صوبائی وزٹ سمیت مختلف برانچز میں ختمِ خواجگان اور ہفتہ وار محافل منعقد ہوئیں۔ برانچ متارو خاصخیلی میں محفل کا اہتمام کیا گیا، جبکہ نشے سے بچاؤ کے حوالے سے خلیفہ سائیں عبدالرحمن چانڈیو طاہری نے خصوصی لیکچر دیا۔ انجمن نونہال کے نائب صدر کو ضلعی سطح پر انعام بھی دیا گیا۔ جون میں روحانی طلبہ جماعت و جماعت اصلاح المسلمین ضلع سجاول کی جانب سے شجرکاری اور صفائی مہم چلائی گئی، جبکہ مختلف برانچز میں محافل اور ختمِ خواجگان کا انعقاد جاری رہا۔ چھٹیوں کے دوران روحانی طلبہ جماعت کے 6 عہدیداران نے کمپیوٹر کورس بھی مکمل کیا

روحانی طلبہ جماعت ٹھٹھہ زون 2 کی تین ماہ میں تنظیمی و فلاحی سرگرمیاں

شجرکاری مہم کے تحت تقریباً 100 پودے، محرم میں 4 سبیلیں قائم

مستحق افراد کے لیے موٹر سائیکل اور کاروباری معاونت

ٹھٹہ (ذوالفقار علی طاہری) روحانی طلبہ جماعت ضلع ٹھٹہ زون 2 کی جانب سے اپریل تا جون 2026ء20 کے دوران تنظیمی، شجرکاری، تبلیغی اور فلاحی سرگرمیاں جاری رہیں۔ اپریل میں 12 اپریل کو گھارو کے برانچ گوٹھ حاجی کرمی جوکیو کی تنظیمی سلیکشن مکمل کی گئی، جس میں ضلعی آڈیٹر احمد طاہری اور ضلعی نائب صدر محمد حسن طاہری نے شرکت کی۔ سالانہ کیلنڈر کے مطابق شجرکاری مہم کے تحت ضلعی باڈی اور مختلف برانچز کی جانب سے تقریباً 100 پودے بھی لگائے گئے۔ مئی میں کوئی بڑی تنظیمی سرگرمی نہ ہو سکی، تاہم بعض ممبران نے انفرادی طور پر فلاحی خدمات انجام دیں۔ جون میں محرم الحرام کے دوران سالانہ کیلنڈر کے مطابق 4 میٹھے پانی کی سبیلیں قائم کی گئیں، جن میں مخیر حضرات نے بھی تعاون کیا۔ اس کے علاوہ پنجاب اور خیبر پختونخوا کے تبلیغی وفد میں ضلع ٹھٹہ زون 2 کے دوستوں نے شرکت کی، تنظیمی رپورٹس پیش کیں اور مہمانوں کی میزبانی کی۔ فلاحی سرگرمیوں کے تحت دو ضلعی عہدیداران نے ایک شخص کو موٹر سائیکل حاصل کرنے میں مدد فراہم کی، جبکہ ایک ضلعی دوست نے ایک مستحق شخص کو چھوٹا کاروبار شروع کرنے کے لیے مالی تعاون فراہم کیا

روحانی طلبہ جماعت حیدر آباد کی تین ماہ میں 6 گیٹ ٹو گیدر نشستیں

ضلعی باڈی کی 3 میٹنگز، تنظیمی و تربیتی امور پر اہم مشاورت

جون میں صوبائی وزٹ، تربیتی و فکری خطابات کا انعقاد

حیدر آباد (بلال رضا طاہری) روحانی طلبہ جماعت ضلع حیدر آباد کی جانب سے اپریل، مئی اور جون 2026 کے دوران تنظیمی، تربیتی اور فکری سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رہا، طلبہ کی باہمی رابطہ کاری، علمی رہنمائی اور تنظیمی تربیت کے لیے 6 گیٹ ٹو گیدر منعقد کیے گئے، جبکہ ضلعی باڈی کی 3 فزیکل میٹنگز میں تنظیمی امور اور آئندہ کے لائحہ عمل پر مشاورت کی گئی۔ 14 جون کو صوبائی وزٹ کا انعقاد کیا گیا، جس میں جنید پیرزادہ اور شیراز پنہور نے تربیتی و فکری خطابات کیے۔ اس کے علاوہ ضلعی باڈی نے جماعت اصلاح المسلمین اور جمعیت علمائے طاہریہ کے مختلف دینی و تنظیمی پروگراموں میں بھی بھرپور شرکت کی۔ روحانی طلبہ جماعت ضلع حیدر آباد نے تنظیمی استحکام، طلبہ کی تربیت اور دینی شعور کے فروغ کے لیے اپنی سرگرمیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا

روحانی طلبہ جماعت ضلع کورنگی کی مئی میں تنظیمی و فلاحی سرگرمیاں جاری

شدید گرمی میں پرندوں کے لیے پانی، مختلف برانچز میں شربت کی سبیلیں قائم

ضلع کورنگی میں عید ملن پارٹی، مرکزی و صوبائی ذمہ داران کی شرکت

روحانی طلبہ جماعت بلوچستان وخیبر پختونخواہ

روحانی طلبہ جماعت حب کے زیر اہتمام شدید گرمی میں مختلف مقامات پر شربت کی سبیلیں قائم

مسافروں اور شہریوں کو ٹھنڈا شربت فراہم، عوام کی جانب سے خدمتِ خلق کو سراہا گیا

روحانی طلبہ جماعت ضلع حب کے عہدیداران کے مختلف برانچز کے ششماہی دورے، کارکردگی رپورٹس کا جائزہ

حب: روحانی طلبہ جماعت ضلع حب میں ماہانہ ٹاسک کے تحت شربت کی سبیلیں اور ششماہی تنظیمی دورے، روحانی طلبہ جماعت کی مرکزی باڈی کی جانب سے ماہ جون کے ماہانہ ٹاسک پر عمل کرتے ہوئے ضلع حب کی ضلعی باڈی اور مختلف برانچز کے زیر اہتمام شدید گرمی کے پیشِ نظر متعدد مقامات پر شربت کی سبیلیں لگائی گئیں۔ سبیلوں کے ذریعے مسافروں اور مقامی شہریوں کو ٹھنڈا شربت پیش کیا گیا، جسے عوام نے سراہتے ہوئے اس خدمتِ خلق کو قابلِ تحسین قرار دیا دریں اثناء ضلع حب کے ضلعی عہدیداران نے مختلف برانچز کے ششماہی دورے بھی کیے، جہاں تنظیمی کارکردگی اور ششماہی رپورٹس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دوروں کا مقصد تنظیمی سرگرمیوں کو مزید فعال اور منظم بنانا تھا۔ روحانی طلبہ جماعت کے ذمہ داران نے خدمتِ خلق اور تنظیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر انداز میں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا

انجمن نونہال طاہریہ اوتھل جاموٹ کالونی کا خدمتِ خلق کے تحت صفائی مہم کا انعقاد

سڑک کنارے جھاڑیاں اور رکاوٹیں صاف، راستہ آمدورفت کے لیے کشادہ کر دیا گیا

عوامی سہولت اور معاشرتی بھلائی کے لیے خدمتِ خلق کا سلسلہ جاری رکھنے کا عزم

اوتھل: انجمن نونہال طاہریہ جاموٹ کالونی کا خدمتِ خلق کا عملی مظاہرہ، سیدی و مرشدی حضرت محبوب سبحن سائیں مدظلہ العالی کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے انجمن نونہال طاہریہ برانچ جاموٹ کالونی، تحصیل اوتھل کے عہدیداران اور ممبران نے خدمتِ خلق کے تحت صفائی مہم کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر سڑک کے اطراف موجود جھاڑیوں اور رکاوٹوں کو صاف کر کے راستہ کشادہ اور آمدورفت کے لیے بہتر بنایا گیا، جس سے مقامی شہریوں اور مسافروں کو سہولت فراہم ہوئی۔

روحانی طلبہ جماعت کے مرکزی نائب صدر کا ضلع لسبیلہ کا تنظیمی دورہ، اہم اجلاس

نوجوانوں کے لیے کیریئر کاؤنسلنگ سیمینار، AI، آئی ٹی، کاروبار، زراعت اور لائیو اسٹاک پر سیشنز کا فیصلہ

شدید گرمی کے پیشِ نظر ضلع لسبیلہ میں مختلف مقامات پر پانی و شربت کیمپ قائم کرنے کا اعلان

لسبیلہ: روحانی طلبہ جماعت کے مرکزی نائب صدر کا ضلع لسبیلہ کا تنظیمی دورہ، اہم فیصلے، روحانی طلبہ جماعت کے مرکزی نائب صدر خلیفہ برکت لطیف طاہری نے صوبائی عہدیداران کے ہمراہ ضلع لسبیلہ کا تنظیمی دورہ کیا۔ المرکز دارالعلوم روح الاسلام سبحن آباد اوتھل میں ضلعی عہدیداران کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تنظیمی امور، فلاحی سرگرمیوں اور تعلیمی منصوبہ بندی پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی صدر طاہر حسین طاہری، صوبائی نائب صدر محمد شفیع چنہ طاہری، جنرل سیکریٹری سید حیدر شاہ طاہری اور فنانس سیکریٹری عبدالرحیم طاہری سمیت ضلعی ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں نوجوانوں اور طلبہ کے لیے کیریئر کاؤنسلنگ سیمینار کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا، جس میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس، آئی ٹی، کاروبار، زراعت اور لائیو اسٹاک سمیت مختلف شعبوں کے ماہرین رہنمائی فراہم کریں گے۔ شدید گرمی کے پیشِ نظر ضلع بھر میں پانی اور شربت کیمپ قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس کے اختتام پر خصوصی دعا کی گئی

روحانی طلبہ جماعت بالو شریف میں اپریل تا جون روحانی واصلاحی محافل کا انعقاد

خصوصی محفل میں حضرت علامہ مولانا خلیفہ صاحبزادہ سید محمد عارف شاہ طاہری کی شرکت

ذکر و مراقبہ، ختمِ خواجگان، نعت و منقبت اور روحانی بیانات؛ نوجوانوں کو دین و روحانیت سے جوڑنے پر زور

نوشہرہ: بفیضانِ نظر حضور خواجہ محمد طاہر عباسی بخشی نقشبندی المعروف محبوب سبحن سائیں دامت برکاتہم العالیہ اور زیرِ سرپرستی علامہ مولانا خلیفہ صاحبزادہ سید محمد عارف شاہ طاہری دامت برکاتہم العالیہ، گاؤں بالو شریف ضلع نوشہرہ میں اپریل، مئی اور جون 2026 کے دوران مختلف روحانی و بابرکت محافل کا انعقاد کیا گیا محافل میں ہفتہ وار ذکر و مراقبہ، ختمِ خواجگان شریف، تلاوتِ قرآن پاک، نعت و منقبت اور روحانی بیانات کا اہتمام کیا گیا، جن میں طلبہ، نوجوانوں اور اہلِ علاقہ نے بھرپور شرکت کی۔ محافل کے اختتام پر شرکاء میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔ 17 مئی 2026 کو بالو شریف میں خصوصی روحانی محفل منعقد ہوئی، جس میں راولپنڈی درگاہ طاہری پنجاب سے حضرت علامہ مولانا خلیفہ صاحبزادہ سید محمد عارف شاہ طاہری نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر دین، ذکرِ الٰہی، امن و محبت اور پیر و مرشد کی تعلیمات کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی گئی۔ منتظمین کے مطابق ان محافل کا مقصد نوجوان نسل کو دین، ذکرِ الٰہی اور روحانیت سے جوڑنا اور معاشرے میں امن و محبت کا پیغام عام کرنا ہے۔ اختتام پر امتِ مسلمہ، پاکستان کی سلامتی اور مرشدِ کریم کی درازیٔ عمر کے لیے خصوصی دعا کی گئی

روحانی طلبہ جماعت نوشہرہ بابی جدید و بابی قدیم میں اپریل تا جون روحانی محافل کا انعقاد

محافل میں ذکر و مراقبہ اور ختمِ خواجگان شریف، شرکاء میں لنگر بھی تقسیم

نوجوان نسل کو دین، ذکرِ الٰہی اور روحانیت سے جوڑنے کے عزم کا اظہار

نوشہرہ: بفیضانِ نظر حضور خواجہ محمد طاہر عباسی بخشی نقشبندی المعروف محبوب سبحن سائیں دامت برکاتہم العالیہ اور زیرِ سرپرستی علامہ مولانا خلیفہ صاحبزادہ سید محمد عارف شاہ طاہری دامت برکاتہم العالیہ، بابی جدید اور بابی قدیم ضلع نوشہرہ میں اپریل، مئی اور جون 2026 کے دوران مختلف روحانی و بابرکت محافل کا انعقاد کیا گیا۔ محافل میں ہفتہ وار ذکر و مراقبہ، ختمِ خواجگان شریف اور دیگر روحانی پروگرامز کا اہتمام کیا گیا، جن میں مقامی فقرا، طلبہ اور اہلِ علاقہ نے شرکت کی۔ محافل کے اختتام پر شرکاء میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا منتظمین کے مطابق ان پروگرامز کا مقصد بالخصوص نوجوان نسل کو دینِ اسلام، ذکرِ الٰہی اور روحانیت سے جوڑنا اور معاشرے میں محبت و بھائی چارے کو فروغ دینا ہے۔ تمام محافل کے اختتام پر امتِ مسلمہ کی فلاح، پاکستان کی سلامتی اور مرشدِ کریم کی درازیٔ عمر کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں

روحانی طلبہ جماعت نوشہرہ کے زیر اہتمام مختلف روحانی، اصلاحی و تعلیمی پروگرامز

ذکر و مراقبہ، درسِ قرآن، نعت و منقبت، درسِ تصوف اور قرآنِ پاک کی تعلیم کا سلسلہ جاری

نوشہرہ کے علاوہ پشاور، مانسہرہ اور دیگر علاقوں میں بھی روحانی واصلاحی سرگرمیوں کا انعقاد

نوشہرہ (بابر طاہری) بفیضانِ نظر حضور محبوب سبحن سائیں مدظلہ العالی اور زیرِ سرپرستی حضرت علامہ مولانا خلیفہ صاحبزادہ سید محمد عارف شاہ طاہری دامت برکاتہم العالیہ، روحانی طلبہ جماعت گاؤں چوکی مریز، تحصیل پبی ضلع نوشہرہ میں اپریل تا جون 2026 مختلف روحانی، اصلاحی، تعلیمی اور فلاحی پروگرامز منعقد کیے گئے پروگرامز میں ہفتہ وار حلقہ ذکر و مراقبہ، روزانہ درسِ قرآن، ختمِ خواجگان شریف، نعت و منقبت، روحانی بیانات، درسِ تصوف، درسِ نظامی، حفظ و ناظرہ قرآن اور شدید گرمی کے دوران ہیٹ اسٹروک سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی و خدمات شامل رہیں۔ طلبہ، نونہال طاہریہ اور مقامی افراد نے بھرپور شرکت کی۔ یہ سرگرمیاں جامعہ مدرسہ درویشیہ، جامعہ امام اعظم ابو حنیفہؒ، جامعہ صدیقیہ کریمیہ طاہری سمیت مختلف مدارس اور دیگر مقامات پر منعقد ہوئیں۔ ضلع نوشہرہ کے علاوہ پشاور، مانسہرہ اور دیگر علاقوں میں بھی مختلف پروگرامز کا انعقاد کیا گیا۔ روحانی طلبہ جماعت کے ذمہ داران مفتی توصیف جہان طاہری اور جنرل سیکریٹری طارق جہان طاہری کی نگرانی میں سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رہا۔ اختتام پر اجتماعی دعا میں امتِ مسلمہ، پاکستان کی سلامتی اور مرشدِ کریم کی درازیٔ عمر کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں

روحانی طلبہ جماعت پنجاب

روحانی طلبہ جماعت فیصل آباد زون ون کا مظفر کالونی اور سمن آباد برانچز کا دورہ

دونوں برانچز کی 2026 کی نئی باڈیز تشکیل، طلباء کو تنظیمی ہدایات جاری

اختتام پر لنگر شریف، مراقبہ اور خصوصی دعا کا اہتمام

فیصل آباد (محمد فیصل امجد طاہری) روحانی طلبہ جماعت پاکستان ضلع فیصل آباد زون ون کی جانب سے برانچ مظفر کالونی اور برانچ سمن آباد کا تنظیمی دورہ کیا گیا۔ دورے کے دوران دونوں برانچز کی 2026 کی نئی باڈیز تشکیل دی گئیں۔ اس موقع پر ضلعی صدر عبدالاحد طاہری، سینیئر نائب صدر محمد عرفان طاہری، جنرل سیکرٹری محمد فیصل امجد طاہری اور حافظ محمد آصف طاہری سمیت دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ ضلعی صدر اور جنرل سیکرٹری نے طلباء کو تنظیمی ہدایات اور روحانی طلبہ جماعت کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا۔ جماعت اصلاح المسلمین فیصل آباد زون ون کے سینیئر نائب صدر علامہ مولانا ڈاکٹر امجد حسین طاہری، جنرل سیکرٹری میاں محمد صدیق طاہری اور فنانس سیکرٹری خلیفہ رانا محمد اسلم مہتاب بھی شریک ہوئے۔ آخر میں لنگر شریف، مراقبہ اور خصوصی دعا کا اہتمام کیا گیا

روحانی طلبہ جماعت پنجاب کے ذمہ داران کا مری و راولپنڈی اضلاع کا تنظیمی دورہ

ضلعی ذمہ داران سے ملاقات، تنظیمی امور اور بین الصوبائی وفد پر بریفنگ

ضلعی ریکارڈ کا جائزہ، تنظیمی بہتری کے لیے ضروری رہنمائی اور دعا

مری/راولپنڈی (احمد اصغر طاہری) روحانی طلبہ جماعت پنجاب کے جنرل سیکرٹری محمد فرہاد طاہری اور آڈیٹر حافظ احمد اصغر طاہری نے تنظیمی و تربیتی سرگرمیوں کے سلسلے میں ضلع مری اور ضلع راولپنڈی زون ون کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ضلعی ذمہ داران و کارکنان سے ملاقات، تنظیمی امور اور بین الصوبائی وفد کے حوالے سے آگاہی دی گئی، جبکہ ضلعی ریکارڈ کا جائزہ لے کر تنظیمی معاملات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ضروری رہنمائی فراہم کی گئی۔ آخر میں تنظیم کی ترقی و استحکام کے لیے دعا کی گئی

روحانی طلبہ جماعت راولپنڈی زون 2 ساگری میں مقدس اوراق کے باکسز کی صفائی اور دیکھ بھال

خراب باکسز تبدیل، ضرورت والے مقامات پر 14 نئے باکسز نصب

مقدس اوراق محفوظ مقام پر منتقل، ساگری کی دونوں برانچز کا تعاون

راولپنڈی (محمد عمار طاہری) روحانی طلبہ جماعت ضلع راولپنڈی زون 2 کے زیر اہتمام ساگری اور گردونواح میں مقدس اوراق کے باکسز کی صفائی اور دیکھ بھال کی گئی۔ خراب باکسز تبدیل کرنے کے ساتھ ضرورت والے مقامات پر 14 نئے باکسز نصب کیے گئے۔ بھرے ہوئے باکسز خالی کر کے صاف کیے گئے، جبکہ جمع شدہ مقدس اوراق کو احتیاط کے ساتھ محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا۔ اس خدمت میں روحانی طلبہ جماعت ساگری کی دونوں برانچز کے ممبران نے بھی بھرپور تعاون کیا

روحانی طلبہ جماعت ساہیوال زون 1 ماہانہ محفلِ ذکرِ قلبی کا روحانی و تربیتی اجتماع

ذکرِ الٰہی، اصلاحِ نفس اور محبتِ رسول ﷺ پر خصوصی خطابات

اجتماعی مراقبہ، خصوصی دعا اور لنگر کا اہتمام

ساہیوال (فیضان لطیف طاہری) جماعت اصلاح المسلمین اور روحانی طلبہ جماعت ضلع ساہیوال زون 1 کے زیر اہتمام چک نمبر 10712/L-، تحصیل چیچہ وطنی میں ماہانہ محفلِ ذکرِ قلبی کا انعقاد کیا گیا محفل کا آغاز تلاوتِ کلام پاک، نعتِ رسولِ مقبول ﷺ اور منقبت سے ہوا۔ قاری مدثر نصیر طاہری اور خلیفہ شوکت علی طاہری نے ذکرِ الٰہی، اصلاحِ نفس، محبتِ رسول ﷺ اور روحانی تربیت پر خصوصی خطابات کیے۔ محفل میں صوبائی نائب صدر روحانی طلبہ جماعت پنجاب محمد عمر فاروق طاہری اور ضلعی صدر محمد تنویر لطیف طاہری سمیت دیگر ذمہ داران و کارکنان نے شرکت کی۔ اختتام پر خلیفہ نواز ش علی طاہری نے خصوصی دعا کرائی، جبکہ اجتماعی مراقبہ اور لنگر کا بھی اہتمام کیا گیا

روحانی طلبہ جماعت ضلع چکوال کی تنظیمی میٹنگ، اہم امور پر غور

طلبہ و والدین کے لیے کیریئر کونسلنگ ورکشاپ کرانے کا فیصلہ

محبوب سبحن سائیں کے پیغام کو عام کرنے کے عزم کا اظہار، دعا کے ساتھ اختتام

چکوال (محمد اسامہ طاہری) روحانی طلبہ جماعت ضلع چکوال کے زیر اہتمام تنظیمی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں تنظیمی امور، باہمی روابط اور آئندہ کے لائحۂ عمل پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں طلبہ اور والدین کی رہنمائی کے لیے کیریئر کونسلنگ ورکشاپ منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ شرکاء نے حضور قبلہ عالم محبوب سبحن سائیں مدظلہ العالی کے پیغام کو عام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ میٹنگ کا اختتام اجتماعی دعا سے ہوا

روحانی طلبہ جماعت ضلع وہاڑی بورے والا سالانہ محفلِ میلادِ مصطفی ﷺ کا پُر نور انعقاد

علامہ مولانا حبیب الرحمٰن طاہری کا خصوصی خطاب، کثیر تعداد میں افراد کی شرکت

محفل کے اختتام پر امتِ مسلمہ اور پاکستان کے لیے خصوصی دعا کی گئی

وہاڑی (محمد عمران طاہری) بورے والا حمت پورہ، بورے والا ضلع وہاڑی میں سالانہ محفلِ میلادِ مصطفی ﷺ کا انعقاد کیا گیا، جس میں اہلِ علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ محفل سے حضرت علامہ مولانا حبیب الرحمن طاہری (لاہور) نے خصوصی خطاب فرمایا، جبکہ خلیفہ مجاز محمد عارف شکیل طاہری اور خلیفہ مجاز محمد اقبال گجر طاہری نے بھی شرکت کی۔ اختتام پر امتِ مسلمہ کے لیے خصوصی دعا کی گئی

روحانی طلبہ جماعت سیالکوٹ بابرکت محفلِ ذکر و مراقبہ کا انعقاد

خلیفہ افضل طاہری کی خصوصی شرکت، حضور سبحن سائیں کا پیغام پہنچایا

بعض احباب کو ذکر عطا، محفل میں روحانی و تربیتی نشست کا اہتمام

سیالکوٹ (حامد رضا طاہری) روحانی طلبہ جماعت سیالکوٹ زون 2 کے جنرل سیکرٹری حامد رضا کے گھر بابرکت محفلِ ذکر و مراقبہ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلعی احباب نے شرکت کی۔ خلیفہ افضل طاہری نے خصوصی شرکت کرتے ہوئے حضور کا پیغام پہنچایا اور ذکرِ الٰہی کی اہمیت بیان کی۔ محفل کے دوران بعض احباب کو ذکر بھی عطا کیا گیا۔ اختتام پر خصوصی دعا کی گئی

روحانی طلبہ جماعت ضلع سرگودھا بھیرہ محفلِ میلادِ مصطفی ﷺ کا پُر نور انعقاد

مخدوم محمد جعفر قریشی کا خصوصی خطاب، نعتِ رسول ﷺ پیش

محفل کے اختتام پر خصوصی دعا، سلام اور لنگر کا اہتمام کیا گیا

سرگودھا (ابراش علی طاہری) بھیرہ جماعت اصلاح المسلمین اور روحانی طلبہ جماعت ضلع سرگودھا، برانچ بھیرہ کے زیر اہتمام حویلی حکیم منظور الٰہی، علی پور سیداں میں پُر نور محفلِ میلادِ مصطفی ﷺ کا انعقاد کیا گیا محفل کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک سے ہوا، جبکہ نعت رسولِ مقبول ﷺ، نقابت اور خصوصی خطاب کا سلسلہ جاری رہا۔ مخدوم محمد جعفر قریشی نے خصوصی خطاب کیا، جبکہ اختتامی دعا خلیفہ جان محمد طاہری نے کروائی۔ آخر میں سلام پیش کیا گیا اور شرکاء میں لنگر تقسیم کیا گیا

روحانی طلبہ جماعت ضلع بہاولپور یزمان ماہانہ محفلِ مراقبہ کا روحانی و بابرکت انعقاد

خصوصی خطاب، نعت و منقبت کے بعد ذکر و مراقبہ کروایا گیا

اختتام پر امتِ مسلمہ، پاکستان اور تنظیم کے لیے خصوصی دعا کی گئی

بہاولپور/یزمان (خلیفہ محمد شفیق طاہری) جماعت اصلاح المسلمین کے زیر اہتمام جامع مسجد غفاری، چک نمبر 42 ڈی بی میں ماہانہ محفلِ مراقبہ کا انعقاد کیا گیا۔ محفل میں علامہ قاری خلیفہ محمد شفیق طاہری نے خصوصی خطاب کیا، جبکہ محمد دانش طاہری نے نعت و منقبت پیش کی۔ بعد ازاں علامہ مولانا خلیفہ محمد شفیع طاہری بخشی نے ذکر و مراقبہ کروایا۔ اختتام پر امتِ مسلمہ، پاکستان اور تنظیم کی ترقی و استحکام کے لیے خصوصی دعا کی گئی

روحانی طلبہ جماعت پاکستان کا سہ ماہی خبر نامہ نیوز لیٹر پڑھنے یا ڈاؤنلوڈ کرنے کے لیے ویب سائٹ وزٹ کریں
www.rtjpak.com